P.R.NO.09/2025

# وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ، اسلام آباد

# Press Release

## وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی آج میرپورخاص (سندھ) میں علاقائی دفتر کا افتتاح کریں گے

اسلام آباد (      ) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی آج (جمعرات) میرپورخاص، سندھ میں وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ کے علاقائی دفتر کا افتتاح کریں گے۔ وفاقی محتسب میرپورخاص میں وفاقی محتسب کے افسران کے ساتھ ایک اجلاس کی صدارت کرنے کے بعد گیارہ بجے ڈپٹی کمشنر آفس میں نادرا، بےنظیر انکم سپورٹ پروگرام، پاسپورٹ آفس، بجلی، پاکستان پوسٹ، قومی بچت، پوسٹل لائف انشورنس، اسٹیٹ لائف انشورنس اور علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی سمیت وفاقی سرکاری اداروں کے مقامی سربراہان کے ساتھ ایک اجلاس کی صدارت کریں گے۔ وفاقی محتسب دن گیارہ بجے ایک پریس کانفرنس سے بھی خطاب کریں گے۔

(خالد سیال)

کنسلٹنٹ (میڈیا)

03335333266

19 فروری 2025ء